Test Paper : **II**

Test Subject : **URDU**

Test Subject Code : **K-2218**

Roll No. | | | | | | | | |

(Figures as per admission card)

OMR Sheet No. : ________________

**TEST BOOKLET SERIAL NO.**

**Name & Signature of Invigilator/s**

Signature : ______________________________

Name : ______________________________

Time : 2 Hours | Maximum Marks : 200

Number of Pages in this Booklet : **16** | Number of Questions in this Booklet : **100**

**ಅಭ್ಯರ್ಥಿಗಳಿಗೆ ಸೂಚನೆಗಳು**

1. ಈ ಪುಟದ ಮೇಲ್ತುದಿಯಲ್ಲಿ ಒದಗಿಸಿದ ಸ್ಥಳದಲ್ಲಿ ನಿಮ್ಮ ರೋಲ್ ನಂಬರನ್ನು ಬರೆಯಿರಿ.
2. ಈ ಪತ್ರಿಕೆಯು ಬಹು ಆಯ್ಕೆ ವಿಧದ ನೂರು (100) ಪ್ರಶ್ನೆಗಳನ್ನು ಒಳಗೊಂಡಿದೆ.
3. ಪರೀಕ್ಷೆಯ ಪ್ರಾರಂಭದಲ್ಲಿ, ಪ್ರಶ್ನೆ ಪುಸ್ತಿಕೆಯನ್ನು ನಿಮಗೆ ನೀಡಲಾಗುವುದು. ಮೊದಲ 5 ನಿಮಿಷಗಳಲ್ಲಿ ನೀವು ಪುಸ್ತಿಕೆಯನ್ನು ತೆರೆಯಲು ಮತ್ತು ಕೆಳಗಿನಂತೆ ಕಡ್ಡಾಯವಾಗಿ ಪರೀಕ್ಷಿಸಲು ಕೋರಲಾಗಿದೆ.
   (i) ಪಶ್ನೆಪುಸ್ತಿಕೆಗೆ ಪ್ರವೇಶಾವಕಾಶ ಪಡೆಯಲು, ಈ ಹೊದಿಕೆ ಪುಟದ ಅಂಚಿನ ಮೇಲಿರುವ ಪೇಪರ್ ಸೀಲನ್ನು ಹರಿಯಿರಿ. ಸ್ಟಿಕ್ಕರ್ ಸೀಲ್ ಇಲ್ಲದ ಅಥವಾ ತೆರೆದ ಪುಸ್ತಿಕೆಯನ್ನು ಸ್ವೀಕರಿಸಬೇಡಿ.
   (ii) **ಪುಸ್ತಿಕೆಯಲ್ಲಿನ ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ ಮತ್ತು ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆಯನ್ನು ಮುಖಪುಟದ ಮೇಲೆ ಮುದ್ರಿಸಿದ ಮಾಹಿತಿಯೊಂದಿಗೆ ತಾಳೆ ನೋಡಿರಿ. ಪುಟಗಳು/ಪ್ರಶ್ನೆಗಳು ಕಾಣೆಯಾದ ಅಥವಾ ದ್ವಿಪ್ರತಿ ಅಥವಾ ಅನುಕ್ರಮವಾಗಿಲ್ಲದ ಅಥವಾ ಇತರ ಯಾವುದೇ ವ್ಯತ್ಯಾಸದ ದೋಷಪೂರಿತ ಪುಸ್ತಿಕೆಯನ್ನು ಕೂಡಲೆ 5 ನಿಮಿಷದ ಅವಧಿ ಒಳಗೆ, ಸಂವೀಕ್ಷಕರಿಂದ ಸರಿ ಇರುವ ಪುಸ್ತಿಕೆಗೆ ಬದಲಾಯಿಸಿಕೊಳ್ಳಬೇಕು. ಆ ಬಳಿಕ ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಯನ್ನು ಬದಲಾಯಿಸಲಾಗುವುದಿಲ್ಲ, ಯಾವುದೇ ಹೆಚ್ಚು ಸಮಯವನ್ನೂ ಕೊಡಲಾಗುವುದಿಲ್ಲ.**
4. ಪ್ರತಿಯೊಂದು ಪ್ರಶ್ನೆಗೂ (A), (B), (C) ಮತ್ತು (D) ಎಂದು ಗುರುತಿಸಿದ ನಾಲ್ಕು ಪರ್ಯಾಯ ಉತ್ತರಗಳಿವೆ. ನೀವು ಪ್ರಶ್ನೆಯ ಎದುರು ಸರಿಯಾದ ಉತ್ತರದ ಮೇಲೆ, ಕೆಳಗೆ ಕಾಣಿಸಿದಂತೆ ಅಂಡಾಕೃತಿಯನ್ನು ಕಪ್ಪಾಗಿಸಬೇಕು.

   **ಉದಾಹರಣೆ :** (A) (B) ● (D)

   (C) ಸರಿಯಾದ ಉತ್ತರವಾಗಿದ್ದಾಗ.
5. ಈ ಪ್ರಶ್ನೆ ಪತ್ರಿಕೆಯ ಜೊತೆಯಲ್ಲಿ **ಕೊಟ್ಟಿರುವ OMR ಉತ್ತರ ಹಾಳೆಯಲ್ಲಿ ನಿಮ್ಮ ಉತ್ತರಗಳನ್ನು ಸೂಚಿಸತಕ್ಕದ್ದು**. OMR ಹಾಳೆಯಲ್ಲಿ ಅಂಡಾಕೃತಿಯಲ್ಲದೆ ಬೇರೆ ಯಾವುದೇ ಸ್ಥಳದಲ್ಲಿ ಉತ್ತರವನ್ನು ಗುರುತಿಸಿದರೆ, ಅದರ ಮೌಲ್ಯಮಾಪನ ಮಾಡಲಾಗುವುದಿಲ್ಲ.
6. OMR ಉತ್ತರ ಹಾಳೆಯಲ್ಲಿ ಕೊಟ್ಟ ಸೂಚನೆಗಳನ್ನು ಜಾಗರೂಕತೆಯಿಂದ ಓದಿರಿ.
7. ಎಲ್ಲಾ ಕರಡು ಕೆಲಸವನ್ನು ಪುಸ್ತಿಕೆಯ ಕೊನೆಯಲ್ಲಿ ಮಾಡತಕ್ಕದ್ದು.
8. ನಿಮ್ಮ ಗುರುತನ್ನು ಬಹಿರಂಗಪಡಿಸಬಹುದಾದ ನಿಮ್ಮ ಹೆಸರು ಅಥವಾ ಯಾವುದೇ ಚಿಹ್ನೆಯನ್ನು, ಸಂಗತವಾದ ಸ್ಥಳ ಹೊರತು ಪಡಿಸಿ, OMR ಉತ್ತರ ಹಾಳೆಯ ಯಾವುದೇ ಭಾಗದಲ್ಲಿ ಬರೆದರೆ, ನೀವು ಅನರ್ಹತೆಗೆ ಬಾಧ್ಯರಾಗುತ್ತೀರಿ.
9. ಪರೀಕ್ಷೆಯು ಮುಗಿದನಂತರ, ಕಡ್ಡಾಯವಾಗಿ OMR ಉತ್ತರ ಹಾಳೆಯನ್ನು ಸಂವೀಕ್ಷಕರಿಗೆ ನೀವು ಹಿಂತಿರುಗಿಸಬೇಕು ಮತ್ತು ಪರೀಕ್ಷಾ ಕೊಠಡಿಯ ಹೊರಗೆ OMRನ್ನು ನಿಮ್ಮೊಂದಿಗೆ ಕೊಂಡೊಯ್ಯಕೂಡದು.
10. ಪರೀಕ್ಷೆಯ ನಂತರ, ಪರೀಕ್ಷಾ ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಯನ್ನು ಮತ್ತು ನಕಲು OMR ಉತ್ತರ ಹಾಳೆಯನ್ನು ನಿಮ್ಮೊಂದಿಗೆ ತೆಗೆದುಕೊಂಡು ಹೋಗಬಹುದು.
11. **ನೀಲಿ/ಕಪ್ಪು ಬಾಲ್‌ಪಾಯಿಂಟ್ ಪೆನ್ ಮಾತ್ರವೇ ಉಪಯೋಗಿಸಿರಿ.**
12. **ಕ್ಯಾಲ್ಕುಲೇಟರ್, ವಿದ್ಯುನ್ಮಾನ ಉಪಕರಣ ಅಥವಾ ಲಾಗ್ ಟೇಬಲ್ ಇತ್ಯಾದಿಯ ಉಪಯೋಗವನ್ನು ನಿಷೇಧಿಸಲಾಗಿದೆ.**
13. **ಸರಿ ಅಲ್ಲದ ಉತ್ತರಗಳಿಗೆ ಋಣ ಅಂಕ ಇರುವುದಿಲ್ಲ.**
14. **ಕನ್ನಡ ಮತ್ತು ಇಂಗ್ಲೀಷ್ ಆವೃತ್ತಿಗಳ ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಗಳಲ್ಲಿ ಯಾವುದೇ ರೀತಿಯ ವ್ಯತ್ಯಾಸಗಳು ಕಂಡುಬಂದಲ್ಲಿ, ಇಂಗ್ಲೀಷ್ ಆವೃತ್ತಿಗಳಲ್ಲಿರುವುದೇ ಅಂತಿಮವೆಂದು ಪರಿಗಣಿಸಬೇಕು.**

**Instructions for the Candidates**

1. Write your roll number in the space provided on the top of this page.
2. This paper consists of Hundred multiple-choice type of questions.
3. At the commencement of examination, the question booklet will be given to you. In the first 5 minutes, you are requested to open the booklet and compulsorily examine it as below :
   (i) To have access to the Question Booklet, tear off the paper seal on the edge of the cover page. Do not accept a booklet without sticker seal or open booklet.
   (ii) **Tally the number of pages and number of questions in the booklet with the information printed on the cover page. Faulty booklets due to pages/questions missing or duplicate or not in serial order or any other discrepancy should be got replaced immediately by a correct booklet from the invigilator within the period of 5 minutes. Afterwards, neither the Question Booklet will be replaced nor any extra time will be given.**
4. Each item has four alternative responses marked (A), (B), (C) and (D). You have to darken the circle as indicated below on the correct response against each item.

   **Example :** (A) (B) ● (D)

   where (C) is the correct response.
5. Your responses to the questions are to be indicated in the **OMR Sheet kept inside this Booklet.** If you mark at any place other than in the circles in the OMR Sheet, it will not be evaluated.
6. Read the instructions given in OMR carefully.
7. Rough Work is to be done in the end of this booklet.
8. If you write your name or put any mark on any part of the OMR Answer Sheet, except for the space allotted for the relevant entries, which may disclose your identity, you will render yourself liable to disqualification.
9. You have to return the test OMR Answer Sheet to the invigilators at the end of the examination compulsorily and must NOT carry it with you outside the Examination Hall.
10. You can take away question booklet and carbon copy of OMR Answer Sheet after the examination.
11. **Use only Blue/Black Ball point pen.**
12. **Use of any calculator, electronic gadgets or log table etc., is prohibited.**
13. **There is no negative marks for incorrect answers.**
14. **In case of any discrepancy found in the Kannada translation of a question booklet the question in English version shall be taken as final.**

# URDU
## Paper – II

**1.** شیخ محمد مظہر الدین کس دکنی شاعر کا اصل نام ہے ؟

(A) ابن نشاطی (B) نظامی بیدری

(C) غواصی (D) ہاشمی

**2.** نصرتی کی مثنوی " تاریخ اسکندری " کا دوسرا نام کیا ہے؟

(A) سیف الملوک و بدیع الجمال

(B) بساتین الانس

(C) فتح نامۂ بہلول خان

(D) فتح نامہ نظام شاہ

**3.** نظم " ذوق و شوق " کے اکثر اشعار اقبال نے کس ملک میں قیام کے وقت لکھے تھے ؟

(A) ہسپانیہ (B) فلسطین

(C) لندن (D) توران

**4.** رام پور کے کتب خانے میں محفوظ وہ خطوط جو غالب کے کسی مجموعے میں موجود نہیں تھے ان خطوط کو کس نے ترتیب دے کر شائع کیا؟

(A) مالک رام (B) گیان چند جین

(C) امتیاز علی عرشی (D) رشید حسن خاں

**5.** " ادبی تحقیق - مسائل اور تجزیہ " کس کی کتاب ہے اور اس کا سنہ اشاعت کیا ہے ؟

(A) مسعود حسین خاں 1975

(B) رشید حسن خاں 1978

(C) قاضی عبدالودود 1980

(D) مالک رام 1985

**6.** " یہ افسانے دبی ہوئی چنگاریاں ہیں ان کو شعلوں میں تبدیل کرنا پڑھنے والوں کا کام ہے " یہ کس افسانہ نگار نے کہا تھا ؟

(A) پریم چند (B) منٹو

(C) عزیز احمد (D) کرشن چندر

**7.** جدید شاعروں میں سے کسے فرائڈ کا مقلد محض کہا جاتا ہے ؟

(A) عظمت اللہ خاں (B) ن۔م۔ راشد

(C) میراجی (D) ساغر نظامی

**8.** ہیرا اور موتی کس افسانے کے کردار ہیں ؟

(A) پوس کی رات (B) دو بیل

(C) نجات (D) راہ نجات

**9.** ناول "اسرارِ معابد" میں کیا ہے ؟

(A) زہد و تقویٰ پر مبنی باتیں

(B) تصوف کے رموز

(C) ہندوستان کی مسجدوں کا تعارف

(D) معبدوں (مندروں) کی اندرونی دنیا کی پراسرار باتیں

**10.** ناول نگار کے ساتھ اس کی صحیح تخلیق کی نشاندہی کیجئے ۔

(A) قاضی عبدالستار - شب گزیدہ

(B) عزیز احمد - میرے بھی صنم خانے میں

(C) شکیلہ صدیقی - آنگن

(D) عصمت چغتائی - بارش سنگ

**11.** سجاد ظہیر نے اپنا ناولٹ "لندن کی ایک رات" کہاں تحریر کیا تھا ؟

(A) انگلستان کے دورانِ قیام

(B) جرمنی کے دورانِ قیام

(C) ایران کے دورانِ قیام

(D) فرانس کے دورانِ قیام

**12.** ؎ یہ نسیم ٹھنڈی ٹھنڈی یہ ہوا کے مست جھونکے

تجھے دے رہے ہیں لوری مرے غم گسار سو جا

یہ شعر کس کا ہے ؟

(A) چکبستؔ (B) دیا شنکر نسیم

(C) فیض احمد فیضؔ (D) سرور جہان آبادی

**13.** رسالہ "اردو" کس نے جاری کیا؟

(A) مولوی عبدالحق (B) نیاز فتح پوری

(C) شمس الرحمٰن فاروقی (D) ڈاکٹر محمد حسن

**14.** مولوی عبدالحق اردو کے جن اکابر بزرگوں کی صحبت سے فیض یاب ہوئے ، ان کے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے ۔

(A) رشید احمد صدیقی، مالک رام ، یوسف سلیم چشتی

(B) داغؔ، ڈپٹی نذیر احمد ، اقبالؔ

(C) سرسید ، محسن الملک ، حالیؔ

(D) حالیؔ، چکبست ، مومنؔ

**15.** "جام سرور" کس کی کتاب ہے ؟

(A) رجب علی بیگ سرور (B) آل احمد سرور

(C) فراق گورکھ پوری (D) سرور جہان آبادی

**.16** ذیل میں دیئے گئے انشائیوں کے مجموعوں میں سے

کونسا مجموعہ کنھیالال کپور کا نہیں ہے ۔

(A) نوکِ نشتر (B) خنداں

(C) چنگ ورباب (D) شیشہ و تیشہ

**.17** ؎ ریت کی سی دیوار ہے دنیا

اوچھے کا ساپیار ہے دنیا

یہ شعر حالیؔ کی کس نظم سے ماخوذ ہے ؟

(A) مناجات بیوہ

(B) چپ کی داد

(C) حب وطن

(D) برکھارت

**.18** " سب رس " میں نظر کس کے پاس جاکر

آبِ حیات کا پتہ پوچھتا ہے ؟

(A) رزق (B) رقیب

(C) خیال (D) مہر

**.19** " باغ و بہار " کی ہیروئین کس ملک کی شہزادی ہے ؟

(A) یمن (B) عراق

(C) فلسطین (D) دمشق

**20** " تاریخ زبان اردو " کے مصنف کا نام کیا ہے ؟

(A) محمد حسین آزاد

(B) شوکت سبزواری

(C) ڈاکٹر شمس اللہ قادری

(D) مسعود حسین خان

**.21** سجاد ظہیر کس عرفیت سے جانے جاتے تھے ؟

(A) سجوّ بھائی (B) اِدّو بھائی

(C) مجوّ بھائی (D) بنّے بھائی

**.22** ع نہ گور سکندر نہ قبر دارا

اس کا دوسرا مصرعہ کیا ہے ؟

(A) زمین چمن گل کھلاتی ہے کیا کیا

(B) بدلتا ہے رنگ آسماں کیسے کیسے

(C) مٹے ناموں کے نشاں کیسے کیسے

(D) زماں کیسے کیسے مکاں کیسے کیسے

**.23** ؎ نہ ہمت ، نہ قسمت ، نہ دل ہے ، نہ آنکھیں

نہ ڈھونڈا ، نہ پایا ، نہ سمجھا ، نہ دیکھا

اس شعر میں کونسی صنعت مستعمل ہے ؟

(A) لف و نشر مرتب

(B) تضاد

(C) سیاقتہ الا اعداد

(D) لف و نشر غیر مرتب

**24.** صحیح مصرعہ کی نشاندہی کیجئے ۔

(A) تم آئے ہو نہ شب سوگوار گزری ہے

(B) تم آئے ہو نہ شب تار تار گزری ہے

(C) تم آئے ہو نہ شب انتظار گزری ہے

(D) تم آئے ہو نہ شب بے کنار گزری ہے

**25.** ؎ خوگر نہیں کچھ یوں ہی ہم ریختہ گوئی کے

معشوق جو تھا اپنا باشندہ دکن کا تھا

اس میں " باشندہ دکن " سے مراد کون ہے ؟

(A) سراجؔ (B) ولیؔ

(C) قلیؔ قطب شاہ (D) وجہیؔ

**26.** مثنوی کدم راو پدم راو کس بادشاہ کے دور میں لکھی گئی ؟

(A) سلطان محمد قلی قطب شاہ

(B) ابراھیم عادل شاہ ثانی

(C) سلطان یوسف عادل شاہ

(D) سلطان احمد شاہ ولی بہمنی

**27.** میدان تحقیق میں " بت شکن " محقق کس کو گردانا گیا ہے ؟

(A) رشید حسن خاں (B) گیان چند جین

(C) قاضی عبدالودود (D) محی الدین قادری زور

**28.** ذیل میں مصنف اور کتابوں کے نام دیئے گئے ہیں صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے ۔

(1) گیان چند جین (A) عماد التحقیق

(2) رشید حسن خاں (B) مبادیات تحقیق

(3) کلب عابد (C) تحقیق کا فن

(4) عبدالرزاق قریشی (D) ادبی تحقیق : مسائل اور تجزیہ

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | B | A | C | D |
| (B) | C | D | A | B |
| (C) | C | A | D | B |
| (D) | B | C | D | A |

**29.** تقسیم ہند اور فسادات کے موضوع پر عصمت چغتائی نے کونسا افسانہ لکھا ۔

(A) چوتھی کا جوڑا

(B) لحاف

(C) جڑیں

(D) چھوئی موئی

**30.** ذیل میں سے کونسا شعری مجموعہ خلیل الرحمنٰ اعظمی کا نہیں ہے ۔

(A) شہر آرزو (B) نئی نظم کا سفر

(C) کاغذی پیرہن (D) نیا عہد نامہ

**31.** ذیل میں سے کون فورٹ ولیم کالج سے وابستہ نہیں رہا ۔

(A) میر امن

(B) شیر علی افسوس

(C) انشاء اللہ خاں انشاؔ

(D) حیدر بخش حیدری

**32.** " صبح اُمید " کس کی تخلیق ہے جس کا موضوع حالیؔ کی مسدس سے ملتا جلتا ہے ؟

(A) سر سید (B) آزادؔ

(C) شبلیؔ (D) اکبرؔ

**33.** ذیل میں سے کون ترقی پسند افسانہ نگار نہیں ہے ؟

(A) راجندر سنگھ بیدی (B) عصمت چغتائی

(C) سجاد حیدر یلدرم (D) رضیہ سجاد ظہیر

**34.** " جلا وطن " کس کا افسانہ ہے ۔

(A) منٹو (B) قرۃ العین حیدر

(C) حیات اللہ انصاری (D) انتظار حسین

**35.** کس شاعر کی غزلوں کا مجموعہ " غزل " کے عنوان سے شائع ہوا ۔

(A) فیضؔ (B) جذبیؔ

(C) جاں نثارؔ (D) مجروحؔ

**36.** " سودائی " کس کا ناول ہے ؟

(A) کرشن چندر

(B) عصمت چغتائی

(C) پریم چند

(D) عزیز احمد

**37.** " کامنی " اور " بچھڑی دلھن " کس کی تخلیقات ہیں ؟

(A) سرشارؔ (B) شررؔ

(C) رسواؔ (D) پریم چندؔ

**38.** تو نہیں جانتا تو مجھ سے سن نام شاہنشۂ بلند مقام

قبلہ جان و دل بہادر شاہ مظہر ذوالجلال والاکرام

یہ اشعار غالبؔ کے قصیدہ کے کس جزو سے متعلق ہیں ؟

(A) مدح (B) تشبیب

(C) گریز (D) دُعا

**39.** درج ذیل میں سے نذیر احمد کے ناولوں کی کونسی زمانی ترتیب درست ہے ؟

(A) توبۃ النصوح، مراۃ العروس، بنات النعش، ابن الوقت

(B) بنات النعش، توبۃ النصوح، مراۃ العروس، ابن الوقت

(C) ابن الوقت، مراۃ العروس، توبۃ النصوح، بنات النعش

(D) مراۃ العروس، بنات النعش، توبۃ النصوح، ابن الوقت

**40.** "تنقیدی جائزے" اور "تنقید اور عملی تنقید" یہ دونوں کتابیں کس کی ہیں ؟

(A) آل احمد سرور

(B) احتشام حسین

(C) محمد حسن

(D) شمس الرحمٰن فاروقی

**41.** ذیل میں سے اس زمرے کی نشاندہی کیجئے جس میں صرف منٹو کے افسانے درج ہیں ۔

(A) کالی شلوار، دوزخی، بھولا، دوبیل

(B) کھول دو، ٹھنڈاگوشت، بُو، کالی شلوار

(C) ٹوبہ ٹیک سنگھ، دوبیل، لحاف، دوزخی

(D) کفن، لحاف، بدبو، کالی شلوار

**42.** عصمت چغتائی کا لکھا ڈرامہ "دوزخ" ہے، لیکن خاکہ "دوزخی" کس پر لکھا۔

(A) شاد عظیم آبادی

(B) عظیم بیگ چغتائی

(C) مرزا فرحت اللہ بیگ

(D) سعادت حسن منٹو

**43.** "پہلی بارش" کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے ؟

(A) خلیل الرحمٰن اعظمی (B) سردار جعفری

(C) فیض (D) ناصر کاظمی

**44.** سر سید کے رفقاء میں زمانی ترتیب کے لحاظ سے کونسا زمرہ صحیح ہے ؟

(A) ڈپٹی نذیر احمد - حالی – ذکاء اللہ - محمد حسین آزاد- محسن الملک

(B) ذکاء اللہ - حالی- ڈپٹی نذیر احمد- محسن الملک- محمد حسین آزاد

(C) شبلی- ڈپٹی نذیر احمد- محسن الملک - حالی – ذکاء اللہ

(D) محمد حسین آزاد- ڈپٹی نذیر احمد - حالی-مولوی چراغ علی- شبلی

**45.** میر تقی میر کا انتقال کہاں اور کس سنہ میں ہوا ؟

(A) 1805 دلی (B) 1807 آگرہ

(C) 1810 لکھنئو (D) 1812 الہ آباد

**46.** ذیل میں سے کونسی کتاب آل احمد سرور کی نہیں ہے ؟

(A) ادب اور نظریہ

(B) نظر اور نظریہ

(C) مسرت سے بصیرت تک

(D) جدید ادب منظر اور پس منظر

**47.** " جوش: شخص اور شاعر " کس ناقد کی تصنیف ہے ؟

(A) آل احمد سرور (B) احتشام حسین

(C) کلیم الدین احمد (D) محمد حسن

**48.** ے کر رہا تھا غم جہاں کا حساب

آج تم یاد بے حساب آئے

اس شعر میں کون سی صنعت ہے ؟

(A) تجنیس محرف

(B) تجنیس ناقص وزائد

(C) مراعات النظیر

(D) تضاد

**49.** " دھرتی کے لال " کس کے افسانوں کا مجموعہ ہے ؟

(A) کرشن چندر (B) بلراج منیرا

(C) راجندر سنگھ بیدی (D) جوگیندر پال

**50.** کس ڈرامہ نگار نے " پھول " اور " تہذیب نسواں " دو رسالے بالترتیب بچوں اور عورتوں کے لئے نکالا ؟

(A) آغا حشر (B) امتیاز علی تاج

(C) امانت (D) محمد حسن

**51.** درج ذیل میں سے کرشن چندر کے پہلے ناول کی نشاندہی کیجئے ۔

(A) میری یادوں کے چنار

(B) باون پتے

(C) ایک عورت ہزار دیوانے

(D) شکست

**52.** "سلطان حسین" عزیز احمد کے کس ناول کا خاص کردار ہے ؟

(A) ہوس

(B) گریز

(C) ایسی بلندی ایسی پستی

(D) آگ

**53.** حیات اللہ انصاری کا پہلا افسانوی مجموعہ " بھرے بازار میں " کب شائع ہوا ؟

(A) 1938 (B) 1935

(C) 1947 (D) 1941

**54.** '' دار اشکوہ ''کس کا ناول ہے ؟

(A) قاضی عبدالستار (B) حیات اللہ انصاری

(C) عزیز احمد (D) قرۃ العین حیدر

**55.** ؎ دنیا نے تیری یاد سے بیگانہ کر دیا
تجھ سے بھی دل فریب ہیں غم روزگار کے

اس اجمال کی تفصیل فیضؔ نے اپنی کس نظم میں بیان کی ہیں

(A) سرود شبانہ

(B) مری جاں اب بھی اپنا حسن واپس پھیر دے مجھ کو

(C) حسینۂ خیال

(D) مجھ سے پہلی سی محبت مرے محبوب نہ مانگ

**56.** ؎ ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں
اب ٹھہرتی ہے دیکھئے جاکر نظر کہاں

اس شعر کے خالق کون ہیں ؟

(A) شادؔ عظیم آبادی

(B) مولانا حالیؔ

(C) شاذ تمکنت

(D) جگر مراد آبادی

**57.** '' سی پارۂ دل ''کیا ہے ؟

(A) سیاسی مضامین کا مجموعہ

(B) سوانحی خاکہ

(C) مذہبی خیالات پر مبنی مقالات کا مجموعہ

(D) انشائیوں کا مجموعہ

**58.** '' نذیر احمد کی کہانی کچھ ان کی کچھ میری زبانی ''کس کی تخلیق ہے ؟

(A) مرزا فرحت اللہ بیگ

(B) مرزا ہادی رسوا

(C) رشید احمد صدیقی

(D) پطرس بخاری

**59.** ؎ دردِ دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو
ورنہ طاعت کے لئے کچھ کم نہ تھے کرّو بیاں

درج بالا شعر میں ''کرّو بیاں '' کے کیا معنٰی ہیں ؟

(A) جنات

(B) ملائک

(C) آدم زاد

(D) شیاطین

60. " مجھے اپنے زمانے کے نامور اصحاب اور اپنی قوم کے اکثر بڑے شخصوں سے ملنے کا اتفاق ہوا ہے ۔ لیکن ....... جیسا پاک سیرت اور خصائل کا بزرگ مجھے ابھی تک کوئی نہیں ملا ۔"

یہ الفاظ مولوی عبدالحق نے کس کے بارے میں ادا کئے ۔

(A) حبیب الرحمٰن خاں شروانی

(B) مولانا شبلی نعمانی

(C) مولانا الطاف حسین حالیؔ

(D) حافظ محمود خاں شیرانی

61. اردو پر قدرت حاصل کرنے کے لئے صرف دلی یا لکھنؤ کی زبان کا تتبع ہی کافی نہیں ہے بلکہ یہ بھی ضروری ہے کہ عربی فارسی سے کم متوسط درجہ کی لیاقت اور نیز ہندی بھاشا میں فی الجملہ دستگاہ بہم پہنچائی جائے ۔"

یہ ارشاد کس بزرگ نے فرمایا ؟

(A) محمد حسین آزاد

(B) ڈپٹی نذیر احمد

(C) سر سید احمد خاں

(D) الطاف حسین حالیؔ

62. ؎ تھر تھری سی ہے آسمانوں میں
زور کتنا ہے ناتوانوں میں

یہ کس کا شعر ہے ؟

(A) فیضؔ (B) جذبیؔ

(C) مجازؔ (D) فراقؔ

63. "علی سکندر" کس کا نام ہے ؟

(A) اصغرؔ (B) جگرؔ

(C) شادؔ (D) یگانہؔ

64. ان میں مولوی عبدالحق کے خاکوں کا مجموعہ کونسا ہے ؟

(A) گنجے فرشتے (B) چند ہم عصر

(C) گنج ہائے گرانمایہ (D) ہم نفسان رفتہ

65. جوش کو استعمالِ الفاظ پر غیر معمولی قدرت ہے اردو میں کوئی شاعر ایسا نہیں ہے جو تشبیہات وصنائع کے نفیس استعمال میں ان کی برابری کرسکے ۔

یہ کس ناقد کے خیالات ہیں ؟

(A) احتشام حسین

(B) گوپی چند نارنگ

(C) آل احمد سرور

(D) کلیم الدین احمد

**66.** ع منھ تسکا ہی کرے ہے جس تس کا

مندرجہ ذیل مصرعوں میں سے صحیح مصرع کی مدد سے شعر مکمل کیجئے۔

(A) دل ہوا ہے چراغ مفلس کا

(B) حیرتی ہے یہ آئینہ کس کا

(C) شیخ میخانے سے بھلا کھسکا

(D) ہاتھ دستہ ہوا ہے نرگس کا

**67.** کل ساحل دریا پہ کہا مجھ سے خضر نے

تو ڈھونڈ رہا ہے سمِّ افرنگ کا تریاق

کس نظم کا ابتدائی شعر ہے ؟

(A) کافر و مومن (B) خضر راہ

(C) افرنگ زدہ (D) سلطانی

**68.** ؎ خالق نے دیئے تھے چار فرزند

عاقل ، دانا ، ذکی ، خردمند

یہ شعر کس مثنوی سے ماخوذ ہے ؟

(A) خواب و خیال (B) زہر عشق

(C) گلزار نسیم (D) سحر البیان

**69.** "نقد شعر العجم" کس کا شاہکار علمی کارنامہ ہے ؟

(A) نورالحسن ہاشمی

(B) مالک رام

(C) مولوی عبدالحق

(D) محمود شیرانی

**70.** تذکرہ "مجموعہ نغز" کا واحد قلمی نسخہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ تھا۔ کس محقق نے اسے مرتب کر کے شائع کیا ؟

(A) محمود شیرانی (B) مشفق خواجہ

(C) قاضی عبدالودود (D) رشید حسن خاں

**71.** "ترقی پسند ادب" کس کی کتاب ہے ؟

(A) فیضؔ (B) مجروحؔ

(C) سردار جعفریؔ (D) ساحرؔ

**72.** "روشنائی" کیا ہے ؟

(A) اردو شعر و ادب کی مختصر تاریخ

(B) ناول

(C) قیام لندن کی روداد

(D) ہندوستان میں ترقی پسند تحریک کی تاریخ

**73.** ان میں کونسی کتاب نذیر احمد کی نہیں ہے ؟

(A) مجالس النساء (B) مراۃ العروس

(C) بنات النعش (D) ابن الوقت

**74.** ان میں سے کون سی کتاب آل احمد سرور کی نہیں ہے ؟

(A) ادب اور انقلاب (B) ادب اور نظریہ

(C) نظر اور نظریہ (D) مسرت سے بصیرت تک

**75.** مسعود حسین خاں بنیادی طور پر ماہر لسانیات ہیں، لیکن انھوں نے دو شعری مجموعے بھی یادگار چھوڑے ہیں ۔ ان کی نشاندہی کیجئے ۔

(A) عکس اور آئینے - اعتبار نظر

(B) روپ بنگال - دونیم

(C) شعرستان – صبح بہار

(D) لب و لہجہ - صحیفتہ الغزل

**76.** اسمعیل میرٹھی کی تاریخ وفات کیا ہے ؟

(A) 1910 (B) 1912

(C) 1915 (D) 1917

**77.** نظم طباطبائی کا اصلی نام اور جائے پیدائش کیا ہے ؟

(A) سید محمد علی – الہ آباد

(B) سید علی حیدر - لکھنو

(C) سید علی مرتضیٰ - آگرہ

(D) سید علی جعفر - دلّی

**78.** ان میں سے کون غالبؔ کے ایک اچھے شارح بھی تھے ، ان کی لکھی ہوئی شرح دیوان غالب کو مستند شرح ہونے کا شرف بھی حاصل ہے ۔

(A) مولانا حالیؔ

(B) چکبستؔ

(C) فیض احمد فیضؔ

(D) نظم طباطبائیؔ

**79.** ع یہاں افسوس گنجائش نہیں فریاد و ماتم کی

اس کا مصرع اولیٰ کیا ہے ؟

(A) یہ پسینہ وہی آنسو ہیں جو پی جاتے تھے ہم

(B) شباب کر دیا میرا تباہ الفت نے

(C) وفا شعار بہت ہے تمھارے ہجر کا غم

(D) غزل کیا اک شرار معنوی گردش میں ہے اصغرؔ

**80.** ان میں سے شاعرِ اطفال کی حیثیت سے کون مشہور ہیں ؟

(A) نظم طباطبائی

(B) اسمٰعیل میرٹھی

(C) نظیر اکبر آبادی

(D) مخدوم محی الدین

**81.** اہل زنداں کی یہ مجلس ہے ثبوت اس کا فراق

کہ بکھر کر بھی یہ شیرازہ پریشاں نہ ہوا

اس شعر میں اہل زنداں کی مجلس کا فراق نے جو ذکر کیا ہے

ان شعراء اور اہل قلم کے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے۔

(A) مولانا حسرت موہانی، محمد علی جوہر، حکیم آشفتہ،

مولاناابوالکلام آزاد

(B) مولانا آزاد، مولانا حالیؔ، شبلی نعمانی، جاں نثار اختر

(C) مولانا محمد علی، حکیم آشفتہ، اصغر گونڈوی، جگر مراد آبادی

(D) حکیم آشفتہ، فیض احمد فیض، شاذ تمکنت، معین احسن جذبی

**82.** '' دیوان یگانؔہ '' کا نام کیا ہے ؟

(A) گل بانگ (B) شعلۂ طور

(C) آیات وجدانی (D) نشاط روح

**83.** یگانہ کی شاعری کی پہلی خصوصیت ان کا زور کلام ہے اور دوسرا وصف جوان کے کلام میں دلکشی پید کرتا ہے۔ وہ ________ ہے ؟

(A) طنز و ظرافت (B) قومی یکجہتی

(C) کیف و سرمستی (D) ایہام وابہام

**84.** نظم طباطبائی کی نظم ''گور غریباں '' انگریزی کے کس مشہور شاعر کی نظم کا اردو ترجمہ ہے ؟

(A) جان کیٹس (B) گرے

(C) ملٹن (D) ورڈزورتھ

**85.** ان میں شاذ تمکنت کا شعر پہچانئے۔

(A) خود کو یوں محصور کر بیٹھا ہوں اپنی ذات میں

منزلیں چاروں طرف ہیں راستہ کوئی نہیں

(B) وہیں کل وقت نے کھائی تھی ٹھوکر یاد ہے اب

تک وہ پیچ و خم جہاں تری گلی تقسیم ہوتی ہے

(C) تم مرا ساتھ نبھانے کی تمناّ نہ کرو

ورنہ تم کو بھی مری طرح پگھلنا ہوگا

(D) خاموشیاں بھی ہیں تری اظہار کی طرح

انکار کی ادا بھی ہے اقرار کی طرح

**86.** ان میں دو تخلص رکھنے والا شاعر کون ہے ؟

(A) مومنؔ (B) فانیؔ

(C) دردؔ (D) اقبالؔ

**87.** کلیات چکبست کو کس نے کس سنہ میں شائع کیا؟

(A) گوپی چند نارنگ 1970 ء

(B) چندر بھان خیال 1975 ء

(C) آنند نرائن ملا 1978ء

(D) کالی داس گپتا رضا 1980 ء

**88.** ''باقیات فانیؔ'' پر کس عالم ادب نے مقدمہ لکھا ؟

(A) آل احمد سرور (B) نظم طباطبائی

(C) رشید احمد صدیقی (D) مسعود حسین خاں

**89 .** جمیل جالبی نے اپنی کتاب تاریخ ادب اردو کو اپنی آپا کے نام معنون کرتے ہوئے کونسا مصرع نقل کیا ہے ؟

(A) عشق بن یہ ادب نہیں آتا

(B) جس سے جگر لالہ میں ہو ٹھنڈک، وہ شبنم

(C) جس کا ہر فعل صورت اعجاز

(D) دلوں کو مرکز مہر و وفا کر

**90.** کس نقاد کے یہاں اسلوبیاتی تنقید فکر کا نمایاں پہلو ہے ؟

(A) محمد حسن (B) احتشام حسین

(C) سید عبداللہ (D) گوپی چند نارنگ

**91.** ساختیاتی تنقید کا کیا مقصد ہے ؟

(A) ادب میں شعریات کی تلاش

(B) فن پارے میں حسن کی تلاش

(C) ادب پارے کا نفسیاتی جائزہ

(D) ادب میں مزدوروں اور کسانوں کی حمایت

**92.** ہمارے ناول نہ ٹریجڈی نہ کامیڈی ، نہ ہمارے ہیرو تلوار سے قتل ہوتے ہیں اور نہ کسی نے خودکشی کی ہے .....یہ تحریر مرزا رسوا نے اپنے کس ناول کے خاتمہ پر ہے ؟

(A) اختری بیگم (B) امراو جان ادا

(C) شریف زادہ (D) ذات شریف

**93.** تحقیقی اصطلاح ''کشکول'' سے کیا مراد ہے ؟

(A) بھیک مانگنے کا کٹورا

(B) وہ بیاض جس میں دوسروں کی متفرق نظم و نثر کی چیزیں لکھی جاتی ہیں

(C) وہ بیاض جس میں صرف اپنے شعر لکھے جاتے ہیں

(D) وہ بیاض جس میں دوسروں کی شاعری لکھی جاتی ہے

**94.** ان میں سے نظم گو شاعر کی نشاندہی کیجئے۔

(A) یگانہؔ
(B) جذبیؔ
(C) نظمؔ طباطبائی
(D) فانیؔ

**95.** " موت کیا ہے انہی اجزا کا پریشاں ہونا "

اس مصرع سے کس شاعر کا سنہ وفات نکلتی ہے ؟

(A) جوش
(B) اسمٰعیل میرٹھی
(C) اختر الایمان
(D) چکبست

**96 .** " رامائن کا ایک سین " کس کی نظم ہے اور کس ہئیت میں لکھی گئی ہے ؟

(A) نظم طباطبائی ـ مخمس
(B) محمد حسین آزاد ـ غزل
(C) چکبست ـ مسدس
(D) وحید اختر ـ مثنوی

**97.** " جدید غزل " رشید احمد صدیقی کی تصنیف کیا ہے ؟

(A) تحقیقی مقالہ برائے پی۔ ایچ۔ ڈی
(B) پروفیسر شپ ملنے پر لکھا گیا مقالہ
(C) کسی سمینار کے لیے لکھا گیا مقالہ
(D) کسی جریدے کے لیے لکھا گیا مقالہ

**98.** نہال چند لاہوری کہاں کے رہنے والے تھے ؟

(A) گجرات
(B) دلی
(C) کان پور
(D) لاہور

**99.** ناول کے انداز میں بارہ حصوں پر مشتمل غدر کا افسانہ کس نے تصنیف کیا تھا ؟

(A) خواجہ حسن نظامی
(B) غالب
(C) شیفتہ
(D) حالی

**100.** وہ صنفِ نثر جس میں سائنسی، فاضلانہ و عالمانہ امور کو پیش کیا جاتا ہے۔ اسے کیا کہتے ہیں ؟

(A) رپورتاژ
(B) انشائیہ
(C) مقالہ
(D) خاکہ

**Space for Rough Work**

## KSET – 2018 FINAL KEY ANSWERS

**Subject: URDU** **Code: 22**

### KEY - Paper - II

| Q. No | Ans. | Q. No | Ans. | Q. No | Ans. | Q. No | Ans. |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | A | 26 | D | 51 | D | 76 | D |
| 2 | C | 27 | C | 52 | C | 77 | B |
| 3 | B | 28 | B | 53 | B | 78 | D |
| 4 | C | 29 | C | 54 | A | 79 | D |
| 5 | B | 30 | A | 55 | D | 80 | B |
| 6 | B | 31 | C | 56 | B | 81 | A |
| 7 | C | 32 | C | 57 | D | 82 | C |
| 8 | B | 33 | C | 58 | A | 83 | A |
| 9 | D | 34 | B | 59 | B | 84 | B |
| 10 | A | 35 | D | 60 | C | 85 | B |
| 11 | A | 36 | B | 61 | D | 86 | B |
| 12 | D | 37 | A | 62 | D | 87 | D |
| 13 | A | 38 | C | 63 | B | 88 | C |
| 14 | C | 39 | D | 64 | B | 89 | B |
| 15 | D | 40 | B | 65 | A | 90 | D |
| 16 | B | 41 | B | 66 | B | 91 | A |
| 17 | A | 42 | B | 67 | A | 92 | D |
| 18 | A | 43 | D | 68 | C | 93 | B |
| 19 | D | 44 | D | 69 | D | 94 | C |
| 20 | C | 45 | C | 70 | A | 95 | D |
| 21 | D | 46 | D | 71 | C | 96 | C |
| 22 | C | 47 | B | 72 | D | 97 | B |
| 23 | A | 48 | B | 73 | A | 98 | B |
| 24 | C | 49 | D | 74 | A | 99 | A |
| 25 | B | 50 | B | 75 | B | 100 | C |